وفیات

حفیظ اللہ بٹ کو صدمہ

مورخہ 10 اگست بروز جمعرات حفیظ اللہ بٹ کی ہمشیرہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ اور تہجد کی پابند تھیں۔

حافظ عبداللہ مظہر (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 12 اگست بروز ہفتہ حافظ عبداللہ مظہر کے والد محترم مظہر اقبال ہارٹ اٹیک سے وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا سیف اللہ نے پڑھائی۔

عبدالرحمٰن و محمد اشفاق کو صدمہ

مورخہ 15 اگست بروز منگل عبدالرحمٰن و محمد اشفاق کے والد محترم ماسٹر محمد عنایت ایک ماہ کی علالت کے بعد وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث فیصل ٹاؤن کے نمازی اور انتہائی نیک انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

حافظ منظور احمد، مولانا عثمان غنی سلفی و مولانا حسین علی قاسمی (دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان)

مورخہ 15 اگست بروز منگل حافظ منظور احمد کے بھائی اور مولانا عثمان غنی و مولانا حسین علی قاسمی کے چچا جان کوٹ مومن میں وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ سید فیض الرحمٰن شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)